پریس ریلیز

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ نے نیشنل کمپلائنس سینٹر کے تعاون سے بین الاقوامی کمپلائنس اور عالمی تجارتی ضروریات سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد کیا جس میں ڈاکٹر نبیل امین ہیڈ آف کمپلائنس/ پی ڈی اپنی ٹیم کے ہمراہ موجود تھے۔اس موقع پر چیمبر کے ممبران اور آر اینڈ ڈی ڈپارٹمنٹ کے نمائندگان نے بھی بھرپور شرکت کی۔سیشن کے دوران شرکاء کو موجودہ عالمی معیار،مختلف ممالک کی جانب سے متعارف کی جانے والی لازمی کمپلائنس ضروریات،اور برآمدات کے نئے تقاضوں سے آگاہ کیا گیا۔ڈاکٹر نبیل امین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اقوامِ متحدہ کا رکن ہونے کے ناطے 27 بین الاقوامی کنونشنز پر دستخط کر چکا ہے،جس کے باعث عالمی قوانین اور ریگولیشنز کی پیروی ناگزیر ہو چکی ہے۔

انہوں نے کہا کہ آج کی عالمی مارکیٹ میں کمپلائنس کسی بھی صنعت کیلئے اختیاری نہیں بلکہ بنیادی ضرورت بن چکی ہے اور مختلف ممالک اپنی مصنوعات کیلئے سخت شرائط لاگو کر رہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ہر ملک محفوظ اور معیاری مصنوعات چاہتا ہے،اسی لیے برآمد کنندگان کیلئے ضروری ہے کہ وہ مطلوبہ سرٹیفکیشن حاصل کریں۔ڈاکٹر نبیل نے کہا کہ چیمبر ہمارے ساتھ بہترین تعاون کر رہا ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ ایسی صنعتوں کی نشاندہی کی جائے جو برآمدات کیلئے تیار ہیں تاکہ گوجرانوالہ اور ملک کی ایکسپورٹ میں واضح اضافہ ہو سکے۔انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل کمپلائنس سینٹر صنعتکاروں کیلئے سیمینارز،تکنیکی رہنمائی اور ضرورت پڑنے پر بین الاقوامی ماہرین تک رسائی بھی فراہم کرے گا۔

سینئر نائب صدر سعد جمیل عرفانی نے شرکاء کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کے سیشن مقامی صنعت کیلئے نہایت اہم ہیں کیونکہ عالمی مارکیٹ کے تقاضے تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ گوجرانوالہ میں موجود مختلف صنعتوں کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کرنا وقت کی ضرورت ہے اور چیمبر آئندہ بھی ایسے پروگرام جاری رکھے گا تاکہ ممبران کو جدید تقاضوں اور لازمی کمپلائنس کی مکمل آگاہی مل سکے۔

Press Release

The Research and Development Department of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry, in collaboration with the National Compliance Center, organized an awareness session on international compliance and global trade requirements. Dr. Nabeel Ameen, Head of Compliance/PD, attended the session along with his team. On this occasion, Chamber members and representatives of the R&D Department also participated actively.

During the session, participants were briefed on current global standards, mandatory compliance requirements being introduced by various countries, and the new demands of international exports. While addressing the session, Dr. Nabeel Ameen stated that Pakistan, being a member of the United Nations, has signed 27 international conventions, which makes the adherence to global laws and regulations essential. He said that in today's global market, compliance is no longer optional for any industry but a fundamental requirement, as different countries are imposing strict conditions for imported products. He further explained that every country wants safe and high quality products, therefore, it is crucial for exporters to obtain the required certifications. Dr. Nabeel added that the Chamber is extending excellent support and there is a need to identify industries that are ready for exports so that the exports of Gujranwala and the country can see a significant increase. He also said that the National Compliance Center will continue to facilitate the industrial sector through seminars, technical guidance and when required, access to international experts.

Senior Vice President Saad Jameel Irfani welcomed the participants and said that such sessions are extremely important for local industry because global market requirements are rapidly evolving. He said that preparing the industries in Gujranwala according to international standards is the need of the hour, and the Chamber will continue to organize such programs in the future so that members can stay fully informed about modern requirements and mandatory compliance.